جماعت اسلامی کا تیسرا اجتماع عام

امیر جماعت نے مقامی مجلس شوریٰ کے مشورے سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ:

(۱) اس سال جماعت اسلامی کا اجتماع عام پٹنہ صوبہ بہار میں منعقد کیا جائے۔

(۲) مغربی اور وسط ہند اور جنوبی ہند کے حلقہ وار اجتماعات اجتماع عام کے بعد متصلاً اس طرح رکھے جائیں کہ پٹنہ کے اجتماع سے فارغ ہو کر امیر جماعت جنوبی ہند کے حلقہ وار اجتماع اور دورے کے لیے چلے جائیں اور مولانا امین احسن صاحب مغربی ہند کے حلقہ وار اجتماع میں شریک ہوتے ہوئے ایک ہی سفر میں دارالاسلام واپس آجائیں۔

(۳) شمالی ہند کا حلقہ وار اجتماع اکتوبر ۱۹۴۶ء میں دارالاسلام میں منعقد کیا جائے۔

نوٹ نمبر ۱- اجتماع عام کے ٹھیک مقام اور تاریخوں کا اعلان صوبہ بہار کے حالات کا کچھ مزید جائزہ لینے کے بعد فروری کے شروع میں کیا جائے گا۔

نوٹ نمبر ۲- مغربی اور وسط ہند کے قیم صاحبان (محمد یوسف صدیقی صاحب اور محمد اسمٰعیل اخلاص صاحب) اور جنوبی ہند کے قیم صاحبان (مولانا سید صبغۃ اللہ صاحب، سید عبدالحکیم صاحب اور مولوی محمد یونس صاحب) آپس میں مشورہ کر کے اپنے اپنے حلقہ وار اجتماعات کے لیے مناسب مقام تجویز کر کے جلد از جلد مرکز کو مطلع کریں۔ مقام تجویز کرنے میں دعوت و تبلیغ کے مواقع اور مصالح کو ہر دوسری شے پر مقدم رکھا جائے۔ مصارف اجتماع اگر حلقہ کے لوگ پورے نہ کر سکیں گے تو مرکز سے مدد کی جائے گی۔

نوٹ نمبر ۳- رپورٹوں کے بارے میں مفصل ہدایات اخبار کوثر لاہور میں شائع کر دی گئی ہیں اس میں ملاحظہ فرمائی جائیں۔

خاکسار طفیل محمد قیم جماعت اسلامی، دارالاسلام، پٹھان کوٹ (پنجاب)